**19/04/2025**

**07.40 PM**

**یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔**

**اب آپ محمد یاسین سے خبریں سُنیے۔**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائینز**

***........لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے صوفی ازم کو امن اور روا داری کا ایک موثر عنصر دیا قرار// کہا صوفیت سے تفرقات کو دور کرنے اور دلوں کو جوڑنے میں ملتی ہے مدد ۔**

***........حکومت یو ٹی میں تجارت کے موافق ماحول تیار کرنے کی وعدہ بند //وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ۔**

***........وزیر اعظم نریندر مودی22اپریل کو سعودی عرب کے دو روزہ دورے پرہوں گے روانہ ۔**

**اور**

***........ورلڈ Liver Day آج // ماہرین نے جگر کی مختلف بیماریوں سے بچنے کے احتیاطی تدابیر کو کیا اجا گر ۔**

**سنہا**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سماج میں Sufism کو امن اور رواداری کا ایک طاقت ور عنصر قرار دیا ہے ۔ انہوں نے صوفیت کو زندگی کا ایک طریقہ قرار دیا ہے جس کی بدولت خالق کے ساتھ تعلق کو دوام بخشنے میں مدد ملتی ہے ۔**

**سرینگر میں آج ایک صوفی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ سماج میں Sufism ایک اہم کڑی کے طور پر کام تفرقات کو دور کرنے اور دلوں کو نزدیک لانے کے لئے کرتا ہے ۔**

**منوج سنہا نے کہا کہ صوفی تعلیمات کسی بھی طرح کے تشدد اور زیادتیوں کو رد کرتی ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ان تعلیمات سے انتہا پسندی کے نظریے پر قابو پایا جا سکتا ہے ۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ صوفی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ایک شمولیاتی سماج وجود میں لانے میں اپنا رول ادا کریں ۔**

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ تیز تر ،دیر پا اور شمولیاتی اقتصادی ترقی کو یقینی بنانا ان کی ترجیحات میں شامل ہے اور جموں کشمیر میں صنعتی وسائل کو بروئے کار لانے کے لئے کثیر رخی ، حکمت عملی عملائی جا رہی ہے ۔

کے ارکان کے ساتھ بات کرتے ہوئے ایل " YPO-Global One " سرینگر میں آج SKICC جی نے کہا کہ اقتصادی ترقی ، دیرپائیت اور سماجی ترقی کے مابین صحیح توازن برقرار رکھا جا رہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ اقتصادی ترقی کو یقینی بنانے کے لئے پچھلے پانچ برس کے دوران بہبودی کی متعدد سکیمیں عملائی گئی ہیں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں تجارت کے موافق مناسب ماحول تیار کرنے کے لئے لازمی امور کا جائزہ لیا ۔

وزیر اعلیٰ نے اس موقعہ پر کہا کہ حکومت تجارت دوست ماحول قائم کرنے نیز مختلف سیکٹروں میں ریگولیٹری فریم ورک میں معقولیت لانے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ غیر ضروری اور سنگل Digitisation رہنما خطوط کو ختم کرنے، توالتوں کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ کو یقینی بنانے کی طرف خصوصی توجہ دی جا رہی ہے ۔ Window Clearance

میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور مختلف محکموں کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔

عمر ملاقات

کولکتہ کے صدر Merchants Chamber of Commerce and Industry دریں اثناء نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور تجاورت و صنعت کاری کو Saraogi امت تقویت بخشنے سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

وزیر اعلیٰ کھٹوعہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج کٹھوعہ میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ اور مقامی نمائندوں کی موجودگی میں ایک نئے ملٹی سٹوری میونسپل پارکنگ کمپلیکس کا افتتاح کیا ۔ اس اہم شہری بنیادی ڈھانچے سے گنجانیت کو کم کرنے ، مقامی تجارت کو فروغ دینے اور بلدیاتی سہولیات کو تقویت بخشنے میں مدد ملے گی ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی سعودی عرب کے ولی احد اور وزیر اعظم محمد بن سلمان کی دعوت پر منگل وار 22 اپریل کو سعودی عرب کے دو روزہ دورے پر روانہ ہو رہے ہیں ۔ وزارت خارجہ

نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعظم کا یہ سعودی عرب کا تیسرا دورہ ہو گا ۔ اس سے پہلے انہوں نے 2016 اور 2019 میں سعودی عرب کا دورہ کیا تھا ۔

وزیر اعظم کے دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان رشتوں اور شراکت داری کو مستحکم کرنے میں مدد ملے گی ۔

لیور ڈے

آج ورلڈ لِور ڈے ہے ۔ آج کے دن جگر کو محفوظ رکھنے اور اس اہم اعضو کو لگنے والی بیماریوں سے بچنے کے لئے احتیاطی تدابیر کو اجا گر کیا جاتا ہے ۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے اس دن کی مناسبت سے نئی دلی میں انسٹیچوٹ آف لور اینڈ Biliary سائنسز کی طرف سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ملک میں طبی نگہداشت کے ڈھانچے کو مستحکم کرنے کے خاطر خواہ اقدامات کر رہی ہے ۔

جگر کو لگنی والی بیماریوں سے متعلق عام لوگوں میں زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کرنے پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مقوی غذا ، بھر پور نیند اور لگاتار کثرت کرنے سے اچھی صحت بر قرار رکھی جا سکتی ہے ۔

نڈّا

مرکزی وزیر صحت جے پی نڈّا نے ملک کے ہر ایک شہری سے اپیل کی ہے کہ وہ ایک بہتر طرزِ زندگی اختیار کرنے کے لئے کھانے کے تیل میں دس فیصد کی کمی کریں ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اس طرح کی چھوٹی چھوٹی چیزوں سے بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں ۔

جے پی نڈّا کے پوسٹ پر اپنا رد عمل ظاہر کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے اس پہل کو ورلڈ لور ڈے منانے کی ضمن میں ایک قابل ستائش کوشش قرار دیا ۔ وزیر اعظم نے بھی کہا ہے کہ خوردنی تیل میں کمی لانے سے ہماری صحت پر مثبت اثرات مرتب ہو سکتے ہیں ۔

انٹرو

جگر کے عالمی دن کے حوالے سے پیش ہے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر کی یہ رپورٹ ۔

------V/O -------

رپورٹ

جگر ہمارے جسم میں کئی اہم کام انجام دیتا ہے ۔ یہ ہمارے خون کو صاف کرتا ہے ، خوراک کو ہضم کرنے میں اپنا رول ادا کرتا ہے نیز اہم اجزاءکو سٹور کرنے اور قوت مدافیت کو فروغ دینے کا کام بھی ہمارا جگر ہی کرتا ہے ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کے ایسو سی ایٹڈ پروفیسر ڈاکٹر زیشان وانی نے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا ۔

**----- --------**

شعبے کے سربراہ ڈاکٹر جی ایم گلزار نے لوَر ڈے **Gastroenterology** سکمز صورہ میں کی اہمیت کے بارے میں اپنے تاثرات یوں پیش کئے ۔

**--------**

اور لِور کینسر **Cirrhosis**، **Hepatitis**، **Fatty Liver** بہر حال ضرورت بات کی ہے کہ ہم جیسی بیماریوں سے بچنے کے لئے احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے کے ساتھ ساتھ ایک معیاری طرز زندگی اختیار کریں ۔

طارق راتھر آکاشوانی نیوز سرینگر

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ **DTH** اور **AIR** خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس ضمن میں جب ہم نے فڈریشن چیمبر آف انڈسٹریز کشمیر کے صدر شاہد کاملی سے بات کی تو انہوں نے کہا ۔

بارش

شہر سرینگر سمیت وادی کے دیگر علاقوں میں کل شام سے درمیانہ درجے سے بھاری بارشوں کو سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے ۔ کئی علاقوں میں زبردست ژالہ بھاری ہونے کی بھی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

بارشوں کی وجہ سے کئی مقامات پر سڑکوں پر پانی بھی جمع ہوا ہے ۔ اس موسمی صورتحال کے تعلق سے جب ہم نے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

--------

شکارا

دریں اثناءنا ساز گار موسمی صورتحال کے پیش نظر محکمہ سیاحت نے ایڈوائزری جاری کی ہے کہ جھیل ڈل میں فی الحال  شکارا رائڈ بند کی جانی چاہئے تاکہ ڈل کی سیر کرنے والوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے ۔

اس تعلق سے جب ہم نے ہاوس بوٹ اونرس ایسو سی ایشن کے چیر مین منظور احمد پختون کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

--------

باغبانی

موسمی صورتحال کی مناسبت سے محکمہ ہارٹیکلچر نے ژالہ بھاری سے متاثرہ باغات کیلئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے ۔ محکمے کے ڈائریکٹر ظہور احمد بٹ نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

کراپ انشورنس

حالیہ ژالہ بھاری سے وادی کے مختلف اضلاع میں میوہ باغات کو کافی نقصان ہوا ہے ۔ اس ضمن میں وادی کے باغ مالکان لگاتار حکومت سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ ہارٹیکلچر شعبے میں بھی کراپ انشورنس سکیم متعارف کی جائے ۔

ویلی فروٹ گروورس ایسو سی ایشن کم ڈیلرس یونین کے چیر مین بشیر احمد بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا ۔

-------

سکینہ

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کولگام اور شوپیان اضلاع میں ژالہ بھاری سے میوہ فصلوں اور زرعی شعبے کو ہوئے نقصان پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مشکل کی اس گھڑی میں کسانوں کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی ہے ۔

انہوں نے کہا کہ متاثرہ ضلعوں میں انتظامیہ کو متحرک کیا گیا ہے اور افسروں سے کہا گیا ہے کہ وہ نقصانات کا زمینی سطح پر فوری جائزہ لیں تاکہ وقت پر کسانوں کو معاوضہ فراہم کیا جا سکے ۔

ادبی تقریب

نگینی کلچرل فاونڈیشن کے اہتمام سے آج بٹہ بونی چھتہ بل میں ایک ادبی تقریب کے دوران صوفی شاعر عبدالرشید
وڈو

---

مجروح کے شعری مجموعوں کی رسم رونمائی انجام دی گئی ۔ ¾

فاونڈیشن کے چیرمین انجینئر شبنم بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--------

نتایج

سیشن دوم کے نتائج جاری کر JEE Main نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے آج مشترکہ داخلہ امتحان میں صد BE/BTech کے پہلے پر چے JEE Main 2025دئے ۔ اس مرتبہ کل 24 طلباءنے فیصد نمبرات حاصل کئے ہیں۔

ادھر جمونو کشمیر سے تعلق رکھنے والے کئی طالب علموں نے بھی زبردست کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ طیب عاشق آہنگر نامی طالب علم نے 99 اعشاریہ99نمبرات کے ساتھ جمونو کشمیر یوٹی میں ٹاپ کیا ہے۔

انتقال

وَترڈ رئتھن کے صوفی بزرگ اور معروف شاعر سید بشیر الحق اندرابی آج مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے ۔ ان کی عمر 83 برس تھی ۔ مرحوم کا چہارم منگل وار 22 اپریل کو وترڈ ڈال بل میں انجام دیا جائے گا ۔

ادبی مرکز کمراز ، مہجور فاونڈیشن سمیت کئی ادبی اور سماجی تنظیموں نے ان کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے

گلزار انتقال

آکاشوانی سرینگر کے ایک ملازم گلزار احمد زرگر آج طویل علالت کے بعد چچلورہ ماگام میں انتقال کر گئے ۔ آکاشوانی سرینگر کے سربراہ گربِندر پال سنگھ ، آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر نیز دیگر عملے نے مرحوم کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے ۔

اطلا ع

آکاشوانی نیوز سرینگر جموں کشمیر کی تمام رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کو اطلاع دیتا ہے کہ وہ اپنے تمام پریس نوٹ اور آڈیو کلپ نیوز روم کے ای میل ID :
radiokashmir@gmail.com پر سہ پہر ساڑھے چار بجے تک بھیجا کریں تاکہ ان بیانات کو صحیح طریقے پر خبروں کے بلیٹنوں میں شامل کیا جا سکے ۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ کے ساتھ آج جموں میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے وفود ملاقی ہوئے ۔ انہوں نے وفود کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ ان مسائل کو متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھایا جائے گا ۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا جائے گا ۔

ست شرما

جموں کشمیر کے صدر ست شرما نے یونیسکو کی طرف سے شری مد بھگوت گیتا اور BJP ناٹیا شاسترا کو میموری آف دی ورلڈ رجسٹر میں شامل کرنے کے فیصلے کی سراہنا کی ہے ۔ انہوں نے اس اقدام کو بھارت کے ہر شہری کیلئے تاریخی لمحہ قرار دیا۔

شاہین

جنتا دل یونائیٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے ریلوے کے مرکزی وزیرسے اپیل کی ہے کہ وہ سرینگر سے پہلگام اور سرینگر سے سونہ مرگ تک ریلوے لائن بچھانے کے منصوبے پر روک لگائیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ اس عمل سے ان علاقوں کے ماحولیاتی اور اقتصادی منظر نامے پر منفی اثرات مرتب ہوں گے ۔

**این سی**

**نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے حالیہ ژالہ بھاری اور بارشوں سے ہوئے نقصان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کی فوری امداد کاری کا مطالبہ کیا ہے ۔**

**اٹل ڈلو**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران نامور قومی تنظیموں کے نمائندوں کے ساتھ جموں کشمیر میں رورل لائیو لی ہُڈ مشن کی عمل آوری سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا ۔**

**اور OMPLISچیف سیکریٹری نے یوٹی میں مشن کی عمل آوری میں قومی سطح کی نامی ان تنظیموں کے مثبت رول کو اجا گر کیا ۔ Kudumbashree NRO**

**زلزلہ**

**وادی میں آج دوپہر زلزلے کے ہلکے جھٹکے محسوس کئے گئے جن کی شدت رکٹر پیما پر پانچ اعشاریہ نو ریکارڈ کی گئی ۔ زلزلے کا مرکز افغانستان ۔ تاجکستان سرحد پر بتایا جا رہا ہے ۔**

**عرس**

**بلند پایہ ولی کامل حضرت سلطان شیخ احمد یسوی کا عرس مبارک 20 اپریل کو منایا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب زیارت عالیہ حضرت سید میر محی الدین صاحب کاملی مہدیت دربار میں منعقد ہو رہی ہے ۔**